سوال

(865) بشیر رزاق کی بجائے بشیر عبدالرزاق نام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حافظ صاحب نام کے متعلق آپ نے لکھا کہ بشیر رزاق کی بجائے بشیر عبدالرزاق لکھا اور کہلوایا کرو اس سلسلہ میں وضاحت طلب ہے ۔ دوسرا یہ کہ سکول کے سرٹیفکیٹ سے لے کر شناختی کارڈ تک یہی نام چلا آرہا ہے اس کا کوئی حل ضرور بتائیں تاکہ نام کی غلطی دور ہوسکے ۔ ان شاء اللہ آج کے بعد میرا نام بشیر عبدالرزاق ہی ہو گا ۔

بشیر عبدالرزاق خانیوال

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جہاں تک میں سمجھا ہوں آپ کے والد گرامی کا اسم گرامی ہے عبدالرزاق جس لیے آپ لکھتے ، لکھواتے اور کہتے کہلواتے ہیں بشیر رزاق مقصد ہے آپ کا بشیر بن عبدالرزاق ۔ تو ماشاء اللہ آپ دانا ہیں غور فرمائیں آپ کے والد صاحب کا نام عبدالرزاق ہے رزاق تو نہیں رزاق تو اللہ تعالیٰ کا نام ہے ﴿إِنَّ اللَّهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ﴾ آپ عبدالرزاق کے بیٹے ہیں رزاق کے بیٹے تو نہیں بلکہ ﴿إِنَّ اللَّهَ هُوَ الرَّزَّاقُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ﴾ ۔ رہا دستاویزات والا مسئلہ تو اس میں کسی وکیل سے مشورہ کرلیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01ص545

محدث فتویٰ